
# والدین کے لئے قدم بہ قدم گائیڈ

Connect ایک مربوط آن لائن ماحول ہے جسے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ویسٹرن آسٹریلیا نے پبلک اسکولوں کےعملے، طلباء اور والدین کے لئے بنایا ہے۔ Connect کے لئے آپ کی محفوظ لاگ ان تفصیلات میں ایک **P-numer** اور **پاس ورڈ** ہے جو آپ کو آپ کے بچے کا اسکول **ای میل** کردے گا۔

**connect.det.wa.edu.au سے منسلک ہونے کیلئے لاگ ان ہوں**

# Connect: **Login**

# Connect: لاگ ان




**connect.det.wa.edu.au**

1 **Connectویب سائٹ ایڈریس** اپنے براؤزر میں ٹائپ کریں۔

### یوزر نیم اور پاس ورڈ

2 آپ کا یوزر نیم **(P-number)** اور پاس ورڈ آپ کا اسکول آپ کو ای میل کردے گا۔ یہ تفصیلات ٹیکسٹ باکس میں ٹائپ کریں۔

### موزوں استعمال

3 **'I have read …'** باکس پر ٹک کرکے رضامندی ظاہر کریں کہ آپ ڈیپارٹمنٹ کی خدمات کو مناسب انداز میں استعمال کرنے پر رضامند ہیں۔

### والد\والدہ\ذمہ دار افراد

4 Connect کے استعمال کی مخصوص شرائط دیکھنے کے لئے **Parents/Responsible Persons – Appropriate Use** لنک پر کلک کریں۔


### پاس ورڈ یاد نہیں رہا

5 اگر آپ کو اپنی لاگ ان تفصیلات یاد نہیں رہیں تو **Forgot Your Password** لنک پر کلک کریں۔




CC BY NC


# Connect:یوزر نیم یا پاس ورڈ بھول جانا




1

### رجسٹرڈ ای میل ایڈریس

اپنا ای میل ایڈریس (جو آپ کے بچے کے اسکول کے ساتھ رجسٹرڈ ہے) ٹائپ کریں اور **Next** کلک کریں۔




2

### یوزر نیم اور پاس ورڈ


اگر آپ نے ماضی میں ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ویسٹرن آسٹریلیا آن لائن سروسز (جیسے VacSwim) کے لئے رجسٹر کیا ہوا ہے تو ہوسکتا ہے آپ کے ایک سے زائد P- numberہوں۔ **Connect Parent Account**کا انتخاب کریں اور **Next** کلک کریں۔

آپ کے نامزدکردہ ای میل ایڈریس پر ایک ای میل بھیجی جائے گی جس سے آپ اپنا پاس ورڈ ری سیٹ کرسکیں گے۔




CC BY NC

# Connect:ہوم پیج




## 1 نیوی گیشن بار

اوپر موجود **tabs** استعمال کرکے Connect کے مختلف حصوں تک رسائی حاصل کریں۔Connect لوگو پر کلک کرکے واپس ہوم پیج پر آجائیں۔

## 2 لاگ آوٹ

Connect سے محفوظ انداز میں سائن آوٹ کرنے کے لئے **انتہائی دائیں جانب موجود آئیکون** پر کلک کریں۔

## 3 آپ کے بچوں کی تمام کلاسز

**Classes** باکس میں اپنے ہر بچے کی تمام Connect کلاسز دیکھیں۔ کسی کلاس میں جانے کے لئے اس **کلاس کے نام** پر کلک کریں۔

## 4 پاس ورڈ تبدیل کریں

**Change Password** پر کلک کرکے اپنے پاس ورڈ ری سیٹ کریں اور دیگر پروفائل آپشنز تک رسائی حاصل کریں۔

## 5 اسکول اسپیس

**اسکول اسپیس کے نام** پر کلک کرکے اس اسکول کی جانب سے تازہ ترین نوٹس اور معلومات دیکھیں۔

## 6 اگلا ایونٹ

اپنے بچوں کے لئے اسکول اور کلاس کے آنے والے کیلنڈر ایونٹس اور آخری تاریخیں دیکھیں۔

## 7 جمع کروانے والی اگلی چیز

جمع کروانے والی اگلی چیز کی تفصیلات دیکھیں۔ **More** بٹن پر کلک کرکے جمع کروانے والی اضافی چیزیں دیکھیں۔

## 8 تازہ ترین معلومات

کلاس یا اسکول اسپیس سے تازہ ترین نوٹس دیکھیں۔


CC BY NC

# Connect: کلاسز

### کلاسز

1

**Classes** ٹیب پر کلک کرکے اپنے بچوں کی شروع کی ہوئی Connect کلاسز تک رسائی حاصل کریں۔

### میرے بچے

2

بچے کے نام پر کلک کرکے اس کی کلاسز دیکھیں۔

### اگلا ایونٹ

3

اپنے کسی بھی بچے کی کسی بھی Connect کلاس کے کیلنڈروں میں سے عنقریب آنے والے تین تک ایونٹس دیکھیں۔

### جمع کروانے والی چیزیں

4

اپنے تمام بچوں کی تمام کلاسز میں وہ اسائنمنٹس دیکھیں جو جمع کروانے کی ضرورت ہے۔

### کلاس کے اعدادوشمار


5

اپنے بچوں کی تمام کلاسز میں حالیہ سرگرمی کے اعدادوشمار دیکھیں۔

### کلاسز

6


کلاس کے نام پر کلک کرکے کلاس میں جائیں۔






CC BY NC

# Connect: کلاسز




## 1 کلاس کا نام

کلاس کا نام سب سے اوپر نظر آتا ہے۔

## 2 ایک سے دوسری کلاس میں جائیں

دوسری کلاس میں جانے کے لئے **Switch** پر کلک کریں۔

## 3 کلاس ٹولز مینیو

بائیں طرف نظر آنے والے **مینیو** سے آپ منتخب کرسکتے ہیں کہ کلاس کی کونسی چیز دیکھنی ہے۔

## 4 کلاس کیلنڈر

جن دنوں پر ڈاٹ کا نشان ہے ان میں ایونٹس ہیں۔ ایونٹ کی تفصیلات دیکھنے کے لئے **دن** پر کلک کریں۔

## 5 کلاس ٹیچرز کو ای میل کرنا

خلاصے کے صفحے کے نیچے کلاس ٹیچرز کے نام نظر آتے ہیں۔ ٹیچر کو **ای میل** کرنے کے لئے **نام** پر کلک کریں۔





cc BY NC

# Connect: چھوٹے ڈیوائسز پر

## ریسپانسو (Responsive) ڈیزائن

چھوٹے ڈیوائسز جیسے آئی فونز پر Connect معلومات کو مختلف انداز میں ظاہر کرے گا۔ مینیوز نظر سے اوجھل ہوجائیں گے لیکن اگر آپ کو ان کی ضرورت ہوئی تو محض ایک کلک سے دستیاب ہوں گے۔




### مین مینیو

1

ہوم پیج پر واپس جانے کے لئے **Connect** لوگو پر کلک کریں یا Connect کے کسی اور حصے کو دیکھنے کا انتخاب کریں۔

### ٹولز مینیو

2

**ٹولز مینیو** آئیکون پر کلک کرکے اسکول اسپیس کے یا جس کلاس میں آپ موجود ہیں اس کلاس کے ٹولز تک رسائی حاصل کریں۔

### اضافی مینیوز


3

ہوسکتا ہے کہ کلاس کے کچھ حصوں میں آپ کو مختلف مواد یا بات چیت دیکھنے میں مدد دینے کے لئے ایک اضافی مینیو دستیاب ہو۔ **دائیں** جانب موجود **تیر** جیسے آئیکون پر کلک کرنے سے مینیو نظر آئے گا۔



Department of Education

# Connect: میرے بچے




1

## میرے بچے

**My Childen** والے ٹیب پر کلک کرکے اپنے تمام بچوں کے بارے میں معلومات دیکھیں۔

2

## ایک بچے سے دوسرے پر جانا

ایک بچے سے دوسرے کی معلومات پر جانے کے لئے **Switch** پر کلک کریں۔

3

## Overview

آپ کو **جائزے** کا سیکشن پہلے سے طے شدہ طور پر نظر آئے گا۔ مزید معلومات دیکھنے کے لئے دیگر سیکشنز پر کلک کریں، جیسے **حاضری**، **رپورٹس** یا **اسیسمنٹ آؤٹ لائنز**۔

نوٹ: ہوسکتا ہے یہ تمام سیکشنز تمام والدین کو نظر نہ آئیں۔ اسکول اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ کونسی معلومات دستیاب ہوں گی۔

4

## حاضری

**حاضری** باکس یا **سیکشن** پر کلک کرکے آپ ہفتہ وار تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔

5

## کلاسز

کلاس میں جانے کے لئے **کلاس کے نام** پر کلک کریں۔

6


## ٹیچرز

**ٹیچر کے نام** پر کلک کرکے اسے ای میل بھیجیں۔




CC BY NC

# Connect: طلباء کی رپورٹس




1
**میرے بچے**

اپنے تمام بچوں کے بارے میں معلومات دیکھنے کے لئے **My Children** کے ٹیب پر کلک کریں۔

2
**ایک بچے سے دوسرے بچے پر جانا**

ایک بچے سے دوسرے پر جانے کے لئے **Switch** آئیکون پر کلک کریں

3
**رپورٹس**

موجودہ سال کی رپورٹیں دیکھنے کے لئے رپورٹس سیکشن پر کلک کریں۔

4
**پچھلے سالوں کی رپورٹس**

پچھلے جن سالوں کی رپورٹس دستیاب ہیں انہیں دیکھنے کے لئے **ایئر مینیو** کھولیں۔ ہوسکتا ہے کہ یہ ہر اسکول کے لئے مختلف ہو۔

5
**سال کا انتخاب کرنا**


کسی **سال** پر کلک کرکے اس سال کے لئے شائع کردہ رپورٹس دیکھیں۔


6
**سمسٹر کی رپورٹس**

لسٹ میں رپورٹس سمسٹر کے لحاظ سے نظر آئیں گی۔
کسی **رپورٹ** کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے اس پر کلک کریں۔ رپورٹ کو اسکرین پر دیکھا جاسکتا ہے یا پرنٹر کو بھیجا جاسکتا ہے۔


CC BY NC

# Connect: اسیسمنٹ آؤٹ لائنز




## 1 میرے بچے

اپنے تمام بچوں کے بارے میں معلومات دیکھنے کے لئے **My Children** کے ٹیب پر کلک کریں۔

## 2 ایک بچے سے دوسرے بچے پر جانا

ایک بچے سے دوسرے پر جانے کے لئے **Switch** آئیکون پر کلک کریں

## 3 اسیسمنٹ آؤٹ لائنز

موجودہ سال کی اسیسمنٹ آؤٹ لائنز کھولنے کے لئے **اسیسمنٹ آؤٹ لائنز** سیکشن پر کلک کریں۔

## 4 کل فیصد اور گریڈ

مجموعی کامیابی فیصد کے طور پر نظر آئے گی۔ اگر سمیسٹر کے آخر کی رپورٹ کو حتمی شکل دے دی گئی ہے تو ایک گریڈ بھی نظر آسکتا ہے۔

## 5 اسیسمنٹ آن لائن کو پھیلائیں

پھیلانے\سکیڑنے والے آئیکون پر کلک کرکے اسیسمنٹ آن لائن کے بارے میں مزید معلومات دیکھیں۔


## 6 موازنے کا گراف

مجموعی کامیابی اور ہر ٹاسک کے نیچے ایک چھوٹا سا گراف، کلاس میں کامیابی کی حد کو ظاہر کرتا ہے۔

- A **لائن** سب سے زیادہ اور کم نمبروں کو ظاہر کرتی ہے۔
- B **ڈبہ** طلباء کی اکثریت کو ظاہر کرتا ہے۔
- C **عمودی لائن** اوسط نمبر ہیں۔
- D **ڈبہ** آپ کے اپنے بچے کی کامیابی ظاہر کرتا ہے۔


CC BY NC

# Connect: کلاس نوٹسز




## کلاس نوٹسز

1 **Class Notices** ٹیب پر کلک کرکے اپنے تمام بچوں کی کلاسز کی جانب سے نوٹسز دیکھیں۔ ان میں سب سے اوپر حالیہ ترین ہیں۔

## ایک صفحے پر نوٹسز کی تعداد

2 **نیچے کی جانب تیر** پر کلک کرکے صفحے پر ظاہر کئے جانے والے نوٹسز کی تعداد کا انتخاب کریں۔

## صفحہ نمبر

3 **نیچے کی جانب تیر** پر کلک کرکے اس صفحے کا انتخاب کریں جو آپ دیکھنا چاہتے ہیں۔

## آگے اور پیچھے

4 **آگے** اور **پیچھے کی جانب تیروں** کی مدد سے اگلے اور پچھلے صفحات پر جائیں۔

## نوٹس کھولیں

5 نوٹس کو کھولنے کے لئے اس کے ٹائٹل پر کلک کریں۔


cc BY NC

# Connect: My Connect پروفائل

## 1 My Connect

**My Connect** ٹیب پر کلک کرکے اپنا پروفائل، پاس ورڈ، ترجیحات اور نوٹیفیکشن کی سیٹنگز کا نظم وانتظام کریں۔

## 2 اپنے پروفائل کا نظم وانتظام کریں

**پروفائل** سیکشن پر کلک کرکے ایک اواتار (Avatar) کا انتخاب کریں، اپنا پاس ورڈ تبدیل کریں اور اپنا ای میل ایڈریس تبدیل کرنے کی صورت میں اسکول کو مطلع کریں۔

## 3 کسی تصویر کو منتخب کریں ، اس میں ترمیم کریں یا اسے ہٹا دیں

بہت سی تصاویر میں سے انتخاب کرنے کے لئے **Add Avatar button** پر کلک کریں۔ **edit** پنسل استعمال کرتے ہوئے اپنی منتخب کردہ تصویر تبدیل کریں یا **کراس** پر کلک کرکے اسے ہٹا دیں۔

## 4 اپنا ای میل ایڈریس تبدیل کریں


جب آپ اپنا ای میل ایڈریس تبدیل کریں تو اسکول کو اس سے مطلع کریں۔ اسکول کو ایک پیغام ملے گا کہ وہ اپنا سسٹم اپ ڈیٹ کرلے۔

## 5 اپنا پاس ورڈ تبدیل کریں

اپنا پاس ورڈ ری سیٹ کرنے کے لئے Change Password کے بٹن پر کلک کریں۔

## 6 اپنی حالیہ سرگرمی دیکھیں


Connect میں اپنی حالیہ سرگرمی کی ایک فہرست دیکھیں۔





cc BY NC

# Connect: My Connect ترجیحات




1

**My Connect**

**My Connect** ٹیب پر کلک کرکے اپنا پروفائل، پاس ورڈ، ترجیحات اور نوٹیفیکشن کی سیٹنگز کا نظم کریں۔

2

**ترجیحات**

**Preferences**سیکشن پر کلک کرکے اس بات کا انتخاب کریں کہ Connect آپ کے لئے معلومات کیسے دکھائے۔

3

**اطلاعات**

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے کسی نوٹس پر اپنی رائے دینے کی صورت میں ای میلز بھیجی جائیں تو اس ڈبے پر ٹک کریں۔

4

**ای میل**

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی کسی ٹیچر کو بھیجی جانے والی ای میلز کی ایک کاپی آپ کے ای میل انباکس میں بھیجی جائے تو اس ڈبے کو ٹک کریں۔

5

**بات چیت کی ترجیحات**

نیچے کی جانب تیروں پر کلک کرکے اس بات کا انتخاب کریں کہ بات چیت کس انداز میں ترتیب دی جائے اور دکھائی جائے۔

6

**کلاسز کی ترتیب**

نیچے کی جانب تیر پر کلک کرکے اس بات کا انتخاب کریں کہ Connect ہوم پیج پر کلاسز کس ترتیب میں نظر آئیں۔

7


**جمع کروانے والی چیزیں**

نیچے کی جانب تیر پر کلک کرکے اس بات کا انتخاب کریں کہ Connect کلاسز میں جمع کرائی جانے والی چیزیں کس ترتیب میں دکھائی دیں۔



BY NC

# Connect: My Connect اطلاعات




1

### My Connect

**My Connect** ٹیب پر کلک کرکے اپنا پروفائل، پاس ورڈ، ترجیحات اور نوٹیفیکشن کی سیٹنگز کا نظم کریں۔

2

### اپنی اطلاعات کا نظم وانتظام کریں

**Notifications** سیکشن پر کلک کرکے اس بات کا انتخاب کریں کہ مخصوص کلاسز اور اسکول اسپیسز سے آپ کو معلومات کیسے بھیجی جائیں۔

3

### کلاسز یا اسپیسز

**کلاسز** یا **اسپیسز** ٹیب پر کلک کرکے اس بات کا انتخاب کریں کہ آپ کونسی اطلاعات میں تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں۔

4

### کلاس اطلاعات آپشنز کو پھیلائیں

ہر کلاس یا اسپیس کے پھیلانے\اسکیڑنے والے آئیکون پر کلک کرکے اطلاعات یا نوٹیفیکشنز آپشنز دیکھیں۔

5

### ای میل یا ایپ

تمام اطلاعات اسکول کے ساتھ آپ کے رجسٹرڈ شدہ ای میل ایڈریس پر آئیں گی جب تک کہ آپ اسے تبدیل نہ کریں۔ اگر آپ نے مفت Connect Now ایپ ڈاؤن لوڈ کی ہوئی ہے تو (**ConnectNow** صفحہ دیکھیں) آپ ای میل کی بجائے یا اس کے علاوہ اطلاعات کو اپنے موبائل فون پر بھی وصول کرسکتے ہیں۔

**نوٹ: جب تک آپ اپنے والدین والے یوزر نیم اور پاس ورڈ کی مدد سے Connect Now ایپ میں لاگ ان نہیں کرتے تب تک آپ کو ایپ کی آپشن نظر نہیں آئے گی۔**

6

### جمع کروانے کی اطلاعات

اگر آپ چاہتے ہیں کہ جب آپ کا بچہ کلاس میں اپنا کام جمع کروائے تو آپ کو اطلاعات موصول ہوں تو ڈبوں پر ٹک کیجئے۔






Department of Education
cc BY NC


# Connect: موبائل آلات کے لئے Connect Now ایپ

1




2



3



4



5



6



### 1 Connect Now

Connect نوٹیفیکیشنز اپنے موبائل ڈیوائس پر وصول کریں۔

**ایپل ایپ اسٹور** یا **گوگل پلے** سے Connect Now ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

### 2 لاگ ان

Connect Now میں لاگ ہونے کے لئے اپنا Connect **P-number** اور **پاس ورڈ** استعمال کریں۔

### 3 پش نوٹیفیکیشنز

آپ اس بات کا انتخاب کرسکتے ہیں کہ آپ کے موبائل ڈیوائس کی ہوم اسکرین پر **پش نوٹیفیکیشنز** نظر آئیں۔

### 4 نوٹیفیکیشنز کو کھولنا

**پش نوٹیفیکیشن** پر ٹیپ کریں یا نوٹسز پڑھنے کے لئے ایپ کو کھولیں۔

### 5 نوٹسز

**نوٹس** کو کھولنے اور تصاویر اور اٹیچمنٹس سمیت مزید تفصیلات دیکھنے کے لئے اس پر ٹیپ کریں۔

### 6 Connect Now مدد

ایپ کے اندر موجود معاونت تک رسائی حاصل کرنے کے لئے **Connect لوگو** پر کلک کریں۔



CC BY NC